PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

Session 17th

Notice No. 1693

Received Dated 12 / 04 /2021

Admitted Dated 12 / 4 /2021

Department **Establishment**

توجہ دلاو نوٹس نمبر 1693

منجانب: حُمیرا خاتون رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ عملہ کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ رُخسانہ جاوید پروفیسر جناح کالج برائے خواتین یونیورسٹی آف پشاور سے گریڈ 21 میں سال 01-2-2015 کو ملازمت سے ریٹائرڈ ہونے کے بعد ممبر پبلک سروس کمیشن تعینات ہوئی۔ یونیورسٹی ریکارڈ کے مطابق ان کی تاریخ پیدائش 2-2-1955 تھی اور پبلک سروس کمیشن کے ممبر کی حیثیت سے خدمات کے بعد انہیں رولز کے مطابق سال 1-2-2020 کو ریٹائرڈ ہونا تھی لیکن اس دوران انہوں نے اپنی شناختی کارڈ میں عمر 2-2-1955 سے تبدیل کر کے 2-2-1956 کر دی ہے تاکہ گزشتہ 11 ماہ سے بطور ممبر پبلک سروس کمیشن اپنی غیر قانونی تعیناتی کے دوران استعمال کئے گئے اختیارات اور حاصل کردہ مراعات کو قانونی جواز فراہم کر سکے۔ یہ ایک انتہائی اہم اور حساس معاملہ ہے لٰہذا حکومت اس حوالے سے اصل صورتحال سے ایوان کو آگاہ کیا جائے اور بحیثیت ممبر پبلک سروس کمیشن ریٹائرڈ پروفیسر رُخسانہ جاوید کا ماورائے قانون تقرری اختیارات کے استعمال اور مراعات کے حصول کا فوری نوٹس لیا جائے۔

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES